# مرکزی مجلسِ شوریٰ کا مدنی مشورہ
# اوراس کے مدنی پھول

(16 to 20 May 2014)



اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

## دُرُود شریف کی فضیلت

شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی، حضرتِ علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی ضیائی دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ اپنے رسالے ''**مچھلی کے عجائبات**'' میں تحریر فرماتے ہیں:

نبیِّ مُکَرَّم، نُورِ مُجسَّم، رسُولِ اکرم، شہنشاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا فرمانِ عالیشان ہے: جس نے یہ کہا: ''اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَنْزِلْہُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَکَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ'' اُس کیلئے میری شفاعت واجب ہوگئی۔ **(مُعجَم کبیر ج5 ص 25 حدیث 4480)**

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## مرکزی مجلسِ شوریٰ،نگرانِ کابینات ونگرانِ کابینہ، شُعبہ جات کے پاکستان سطح کے ذِمّہ داران، عالمی مجلسِ مشاورت برائے اسلامی بھنیں

(اِسلامی بہنوں کی شرکت پہلے دن ہوئی، وہ میلاد ہال میں جبکہ اسلامی بھائی رمضان ہال میں تھے)

| | | |
|---|---|---|
| ۱۶ تا ۲۰ رجب المرجب ۱۴۳۵ھ | فیضانِ مدینہ بابُ المدینہ (کراچی) | 16 تا 20 مئی 2014ء |

## حکمتِ عملی سے نیکی کی دعوت

❁......ہمیں حکمتِ عملی سے نیکی کی دعوت دینی چاہیے چنانچہ اللہ عَزَّوَجَلَّ پارہ 14 سورۂ نَحل کی آیت 125 میں اِرشاد فرماتا ہے:

| | |
|---|---|
| اُدْعُ اِلٰی سَبِیْلِ رَبِّکَ بِالْحِکْمَۃِ وَالْمَوْعِظَۃِ الْحَسَنَۃِ | ترجمۂ کنزالایمان: اپنے ربّ کی راہ کی طرف بُلاؤ پکّی تدبیر اور اچھی نصیحت سے۔ |

## سمجھانے کا انداز

❁......جب بھی کسی کو کوئی بات سمجھانی ہو تو پہلے ایسی بات کریں، جس سے وہ آپ کی طرف مکمل طور پر متوجّہ

ہوجائے، حُسنِ اَخلاق کے پیکر، نبیوں کے تاجور، مَحبوبِ رَبِّ اکبر صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کے 3 ایمان افروز واقعات ملاحظہ فرمایئے:

……دُعا سِکھانے سے پہلے مَحبت کا اِظہار فرمایا (1) حضرتِ سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: حضورنبیِ پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم نے ایک دن میرا ہاتھ پکڑ کر ارشاد فرمایا: ''اے مُعاذ (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) اللہ عزوجل کی قسم! میں تم سے محبت کرتا ہوں۔'' میں نے عرض کی: ''یارسولَ اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم! میرے ماں باپ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم پر قربان! اللہ عزوجل کی قسم! میں بھی آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم سے مَحبت کرتا ہوں۔'' پھر حضورنبیِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم نے ارشاد فرمایا: ''اے مُعاذ (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)! میں تمہیں نصیحت کرتا ہوں کہ ہر نماز کے بعد یہ دُعا پڑھنا مت بھولنا: اَللّٰھُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِکْرِکَ وَشُکْرِکَ وَحُسْنِ عِبَادَتِکَ یعنی اے اللہ عزوجل! اپنے ذِکر، شکر اور حُسنِ عبادت پر میری مدد فرما۔'' (ابوداود، حدیث: 1522)

……نصیحت فرمانے سے پہلے تعریف فرمائی: (2) اِمامُ الانصارِ وَ الْمُھاجِرین، مُحِبُّ الفُقَراءِ وَالْمَساکِین، جنابِ رَحْمَۃٌ لِّلْعٰلَمِین صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم نے حضرتِ سیِّدُنا عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو رُکنِ یمانی کے پاس لوگوں کو دھکیلتے ہوئے دیکھا تو اِرشاد فرمایا: اے ابوحَفْص! تم مضبوط آدمی ہو، تم سے کسی کمزور کو تکلیف پہنچ سکتی ہے، خالی جگہ دیکھو تو رکنِ یمانی کا اِستلام کرلو ورنہ تہلیل و تکبیر کہہ کر گزر جاؤ۔ (مصنف عبد الرزاق، ج5ص 26، حدیث: 8941)

نیکی کی دعوت دینے سے قبل تعریفی کلمات فرمائے: (3) نبیِ رحمت، شفیعِ اُمت، مالکِ کوثر وجنت، محبوبِ ربّ العزّت صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم نے اِرشاد فرمایا: ''عبدُاللّٰہ اچھا آدمی ہے، کاش وہ رات کو تہجد کی نماز پڑھا کرتا۔'' حضرتِ سیِّدُنا سالم رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں، اس فرمانِ عالی کے بعد حضرتِ سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ رات کو بہت کم سویا کرتے۔ (بخاری، حدیث: 3739)

**ان تینوں روایات** میں سرکارِ عالی وقار، مکے مدینے کے تاجدار، منبعِ انوار صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم نے اپنے منفرد انداز میں پہلے کچھ تعریفی کلمات ارشاد فرمائے، پھر نصیحت کے مدنی پھول عطا کیے، عموماً انسان اپنی تعریف اور اُس کے بعد کے کلمات یاد رکھتا ہے۔

……سمجھانے میں ضد نہیں کرنی چاہیے، ہم پہلے سے طے کرلیتے ہیں کہ ہم نے فُلاں کو سمجھا کر ہی دَم لینا ہے

جس کی وجہ سے ہمارے لہجے میں سختی آ جاتی ہے، جبکہ سمجھانے کے لیے شفیق، نرم اور کُڑھن رکھنے والا ہونا چاہئے۔ ہمارا کام صرف نیکی کی دعوت دینا ہے، ہدایت دینا اللہ عَزَّوَجَلَّ کے دستِ قدرت میں ہے۔

❁......لوگوں کی نفسیات سے آ گاہی ضروری ہے، ایک مبلغ کو یہ معلوم نہ ہوتو نیکی کی دعوت کے تقاضے پورے نہیں ہو سکتے۔ بعض اَوقات غلطی اتنی بڑی نہیں ہوتی جتنا غلط سمجھانے کا انداز ہوتا ہے۔

## گفتگو کے آداب

❁......کہاں خاموش رہنا ہے اور کہاں بولنا ہے؟ دونوں کی آ گاہی ضروری ہے، اس آ گاہی اور مزید گفتگو کے آداب سیکھنے کے لیے امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَه کے 2 رسائل ﴿1﴾ میٹھے بول، ﴿2﴾ خاموش شہزادہ اور کتاب ''غیبت کی تباہ کاریاں'' کا بغور مطالعہ کرتے رہیں۔ پڑھنے کے دوران اپنا مُحاسَبہ بھی کرتے جائیں۔

## صحابہ کرام کی عزّت افزائی

❁......ہمارے پیارے آقا صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم اعلیٰ اَخلاق کے مالک تھے، آپ صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کا صحابۂ کرام عَلَیْھِمُ الرِّضْوَان کی عزّت افزائی کا انداز مثالی تھا حتّٰی کہ اپنے غُلاموں کے لئے چادر بچھا دینے کی رِوایات بھی ہیں، چنانچہ اِجمال ترجمہ اَکمال میں حضرتِ سیِّدُنا ابن اُمِّ مکتوم عمرو بن قیس رضی اللہ تعالٰی عنہ کے بارے میں ہے کہ آپ رضی اللہ تعالٰی عنہ وہ صحابی ہیں، جن کے لیے حضورِ انور صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم اپنی چادر بچھا دیتے تھے۔ (مراۃ المناجیح جلد 16 مع اجمال ترجمہ اکمال ص 59)

❁......سرکارِ مدینہ صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم صحابۂ کرام عَلَیْھِمُ الرِّضْوَان کی صلاحیت کے مطابق ان کو ذمہ داری سونپا کرتے تھے۔ مثلاً حضرتِ سیِّدُنا مُصعَب بن عُمیر رضی اللہ تعالٰی عنہ کی مُبلّغانہ صلاحیتوں کی وجہ سے اُنھیں مدینے شریف میں اِسلام کی دعوت دینے کے لیے روانہ فرمایا۔ وغیرہ

## نماز کے بعد آقا صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کا ایک اَنداز

❁...... رسولِ ثَقَلَین، سلطانِ کونَین، رحمتِ دارَین صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم نماز سے فارِغ ہوتے تو دائیں یا بائیں جانب اپنا رُخِ اَنور فرمالیا کرتے تھے، چنانچہ شارحِ بُخاری مفتی شریفُ الحق اَمجدی علیہ رحمۃُ اللّٰہِ القوی تحریر فرماتے ہیں: حضرتِ سیِّدُنا براء بن عازِب رضی اللہ تعالٰی عنہ فرماتے ہیں کہ ہم جب رسولِ اکرم صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کے پیچھے نماز پڑھتے تو یہ پسند کرتے تھے، داہنی طرف رہیں کہ حضور (صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم

) اپنا رُخِ اَنور ہمارے طرف کریں، اِس سے معلوم ہوتا ہے کہ نماز سے فارِغ ہو کر حضورِ اَقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم زیادہ تر داہنی طرف رُخِ انور پھیرا کرتے تھے (نیز فرماتے ہیں) ہمیشہ داہنی ہی طرف نہیں مڑتے تھے، زیادہ تر داہنی طرف مڑتے تھے اور بہت ایسا بھی ہوتا تھا کہ بائیں طرف مڑتے، (آگے چل کر فرماتے ہیں) اس میں (یہ وجہ) ہے کہ مسلمانوں کی طرف بلا ضرورت پیٹھ کرنا، مسلمانوں کو اِیذا پہنچانا اور اُن کی بے ادبی ہے، نماز میں تو بحکمِ شریعت اِجازت ہے مگر نماز کے بعد کوئی وجہ نہیں کہ مسلمانوں کی طرف پیٹھ پھیری جائے۔ (نزہۃ القاری، ج2، ص500 فرید بک سٹال)

## مسلمانوں کی عیب جوئی نہ کرو

❁...... کسی کے عیب کی تلاش میں رہنا بہت بُری بات ہے اللہ عزوجل پارہ 26 سورۂ حُجُرات کی آیت 12 میں اِرشاد فرماتا ہے:

وَلَا تَجَسَّسُوْا ترجمۂ کنزالایمان: اور عیب نہ ڈھونڈو۔

صدرُالْاَ فاضِل حضرت علّامہ مولانا سیِّد محمد نعیم الدّین مُرادآبادی علیہ رحمۃُ اللّٰہِ الھادی خَزائِنُ العِرفان میں اس آیت کے تحت تحریر فرماتے ہیں: مسلمانوں کی عیب جوئی نہ کرو اور اُن کے چھپے حال کی جستجو میں نہ رہو، جسے اللہ عزوجل نے اپنی ستّاری سے چھپایا ہے۔

❁......3 فرامینِ مصطفٰی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم:

(1) مسلمانوں کو اِیذا مت دو اور نہ اُن کے عُیُوب تلاش کرو کیونکہ جو اپنے مسلمان بھائی کا عیب تلاش کرے گا اللہ عزوجل اُس کا عیب ظاہر فرمادے گا اور جس کا عیب اللہ عزوجل ظاہر فرمادے، اُسے رُسوا کر دیتا ہے۔ (شُعَبُ الایمان، ج5، ص 296، حدیث: 6704)

(2) بُرے بندے وہ ہیں، جو چغل خوری کرتے، دوستوں میں جدائی ڈالتے اور نیک لوگوں کے عیب تلاش کرتے ہیں۔ (مسند احمد، ج6 ص 291، حدیث: 18020)

(3) بے گُناہ لوگوں کے عُیُوب تلاش کرنے والوں کو اللہ عزوجل (بروزِ قیامت) کُتّوں کی شکل میں اٹھائے گا۔ (مسند ابی یعلی، ج6 ص 272، حدیث: 7404)

❁...... مسلمان کے عیب کی تلاش و تجسس میں رہنا گناہ ہے۔ (ماخوذ از فتاوی رضویہ، ج21 ص162) عیب جوئی ہر

مسلمان کی حرام ہے۔(فتاوی رضویہ، ج14 ص 271)

......جس گلی میں جانا نہ ہوتو اُس کا راستہ بھی نہیں پوچھنا چاہئے۔

......کسی کا عیب معلوم ہوجانے سے انسان خود ٹینشن (Tension) کا شکار ہوسکتا ہے۔

......جتنا ہوسکے دوسروں کے عیبوں پر آگاہ ہونے سے بچئے۔

## قلبِ سلیم والا کامیاب

......کامیاب ہے وہ جو قیامت کے دن اللہ عزوجل کے حُضور قلبِ سلیم لے کر حاضر ہوا: اللہ عزوجل پارہ 19 سورۂ شُعَرَآء کی آیت 89 میں اِرشاد فرماتا ہے:

اِلَّا مَنْ اَتَی اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِیْمٍ ﴿۸۹﴾ ترجمۂ کنزالایمان: مگر وہ جو اللہ کے حضور حاضر ہوا سلامت دل لے کر۔

سلامتیٔ دل سے مُراد دل کا بدعقیدگیوں سے پاک ہونا ہے۔(تفسیر نورالعرفان)، یہ بھی کہا گیا کہ قلبِ سلیم وہ ہے جو جہل اور بُرے اَخلاق سے پاک ہو، اعمالِ صالحہ بھی قلب کی سلامتی پر موقوف ہیں۔

## زاھد صحابی

......حضرتِ سیِّدُنا ابودرداء رضی اللہ تعالٰی عنہ نے اُمّتِ مصطفٰی صلی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم میں سب سے زیادہ زُہدانہ زندگی بسر کی چنانچہ رسولِ پاک، صاحبِ لولاک صلی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم نے ارشادفرمایا: میری اُمّت میں سب سے زیادہ عبادت گزار اور متقی ابودرداء (رضی اللہ تعالٰی عنہ) ہیں۔(تاریخ دمشق، ج47ص112)

## مسجد کی خدمت سعادت ھے

مسجدوں کی تعمیر نہایت اعلیٰ عبادت اور انبیاءِ کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی سنت ہے۔(صراط الجنان جلد اول ص 207)

......مسجد کی خدمت، اس کی تعمیرات، صفائی ستھرائی میں شرکت کرنا سعادت مندی ہے اللہ عزوجل پارہ 10 سورۂ توبہ کی آیت 18 میں اِرشاد فرماتا ہے:

اِنَّمَا یَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ ترجمۂ کنزالایمان: اللہ کی مسجدیں وہی آباد کرتے ہیں جو اللہ اور قیامت پر ایمان لاتے (ہیں)۔

صدرُالاَفاضِل حضرت علّامہ مولانا سیّد محمد نعیم الدّین مُرادآبادی علیہ رحمۃ اللّٰہِ الھادی خَزائِنُ

الـعِـرفـان میں اس آیت کے تحت تحریر فرماتے ہیں: اِس آیت میں یہ بیان کیا گیا کہ مسجدوں کے آباد کرنے کے مستحق مؤمنین ہیں۔ مسجدوں کے آباد کرنے میں یہ اُمور بھی داخل ہیں جھاڑو دینا، صفائی کرنا، روشنی کرنا، مسجدوں کو دُنیا کی باتوں سے اور ایسی چیزوں سے محفوظ رکھنا جن کے لئے وہ نہیں بنائی گئیں۔ مسجدیں عبادت کرنے اور ذِکر کرنے کے لئے بنائی گئی ہیں اور علم کا درس بھی ذِکر میں داخل ہے۔

……حضرت سیِّدُنا اَنس رضی اللہ تعالٰی عنہ فرماتے ہیں: ''جس شخص نے مسجد میں چراغ روشن کیا تو جب تک مسجد میں روشنی رہتی ہے عرش اٹھانے والے (فرشتے) اُس کے لئے بخشش کی دعا مانگتے رہتے ہیں۔

(بغية الباعث عن زوائد المسند الحارث، ج1ص252، حديث:127)

……مسجد کی زِینت دینِ اسلام کی زِینت ہے۔

## مسلمانوں کی حاجت روائی کے فضائل

……آپ اِسلامی بھائیوں سے کام لینا چاہتے ہیں تو اُن کے دکھ دَرْد میں شریک ہونا ہوگا۔لوگوں کی حاجت پوری کرنے کی بھرپور کوشش کیجئے۔ **5 فرامینِ مصطفٰی** صلی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلم ملاحظہ فرمائیے: ﴿۱﴾ بیشک اللہ عزوجل نے کچھ قوموں کو بعض نعمتیں عطا کی ہیں جنہیں وہ اُس وقت تک اُن کے پاس رکھتا ہے جب تک وہ مسلمانوں کی حاجت روائی کرتے رہتے ہیں اور جب وہ اُنہیں مسلمانوں پر خرچ نہیں کرتے تو اللہ عزوجل وہ نعمتیں دوسروں کی طرف منتقل فرما دیتا ہے۔(مجمع الزوائد، کتاب البر والصلة، باب فضل قضاء الحوائج، حدیث:13713، ج8، ص351) ﴿۲﴾ اللہ عزوجل کی مخلوق میں سے چند لوگ ایسے ہیں، جنہیں اُس نے لوگوں کی حاجت روائی کیلئے پیدا کیا ہے، لوگ اپنی حاجتوں میں اُن کی طرف فریاد کرتے ہیں، بیشک وہی لوگ عذاب سے اَمن والے ہیں۔(مجمع الزوائد، کتاب البر والصلة، باب فضل قضاء الحوائج، حدیث: 13710، ج8، ص 350) ﴿۳﴾ جو اپنے بھائی کی حاجت پوری ہونے تک حاجت روائی کرتا رہے، اللہ عزوجل 75 ہزار ملائکہ کے ذریعے اس پر سایہ فرماتا ہے، وہ اس کیلئے اِستغفار اور دُعا کرتے ہیں، اگر صبح کو حاجت روائی کی تو شام تک اور اگر شام کو حاجت رَوائی کی تو صبح تک اور وہ جو بھی قدم اُٹھاتا ہے، اللہ عزوجل اس کا ایک گناہ معاف فرماتا ہے اور اس کا ایک درجہ بلند فرماتا ہے۔(التر غیب والترهیب ،کتاب البر والصلة، حدیث: 9، ج 3 ص 263) ﴿٤﴾ جس نے کسی بندے کی ضرورت میں اس کی مدد کی، اللہ عزوجل اسے اس دن ایسی جگہ پر ثابت قدمی عطا فرمائے گا، جس دن قدم پھسلیں گے۔

(الترغیب والترھیب ،کتاب البر والصلة ، باب الترغیب فی قضاء حوائج المسلین، حدیث: 10، ج3،ص263) ﴿5﴾ جو اپنے کسی اسلامی بھائی کی حاجت روائی کے لئے چلتا ہے، اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کے اپنی جگہ واپس آنے تک اس کے ہر قدم پر اس کے لئے 70 نیکیاں لکھتا ہے اور اس کے 70 گناہوں کو مٹا دیتا ہے۔ پھر اگر اس کے ہاتھوں وہ حاجت پوری ہوگئی تو وہ اپنے گناہوں سے ایسے نکل جاتا ہے جیسے اس دن تھا، جس دن اس کی ماں نے اسے جنا تھا اور اگر اس دوران اس کا انتقال ہوگیا تو وہ بغیر حساب جنّت میں داخل ہوگا۔ (الترغیب والترھیب، کتاب البر والصلة،باب الترغیب فی قضاء حوائج المسلمین...الخ،حدیث:13،ج3،ص 264)

# مَلفوظاتِ امیرِ اہلسنّت

❁ والدین بچوں کے سامنے ہرگز جھگڑا نہ کریں بلکہ ایسی باتیں بھی نہ کریں جو انہیں پریشان (Disturb) کریں ❁ حافظِ قرآن روزانہ آدھا گھنٹہ منزل یاد کریں اور ناظرہ خواں بھی کم از کم 12 منٹ قرآنِ مجید کی تلاوت کریں ❁ والدین خود بھی قرآنِ مجید پڑھیں اور بچوں کو بھی پڑھنے کی تلقین کرتے رہیں ❁ اگر کسی ذمہ دار کے گھر والے اجتماع میں نہ آئیں یا ان میں کوئی شرعی کوتاہی ہو تو ذمہ دار اسلامی بہنیں براہِ راست ان پر انفرادی کوشش کریں ❁ مسلمان کا حال حتی الامکان صلاح (اچھائی) پر حمل (محمول) کرنا واجب ہے۔ (فتاوی رضویہ، ج19 ص691) ❁ بدگمانی کی مثال اس طرح ہے، جس طرح مکھی درست بدن کے بجائے زخم پر بیٹھتی ہے۔ **فرمانِ مصطفی** (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم): حُسْنُ الظَّنِ حُسْنُ العِبَادَة یعنی اچھا گمان اچھی عبادت سے ہے۔ (ابوداود، ج4ص388، حدیث: 4993) **مُفَسّرِ** شَہیر، حکیمُ الْاُمَّت، حضرتِ مفتی احمد یار خان علیہ رحمۃ الحنّان اِس کی شرح میں فرماتے ہیں: یعنی مسلمانوں سے اچھا گمان کرنا، ان پر بدگمانی نہ کرنا یہ بھی اچھی عبادات میں سے ایک عبادت ہے۔ (مراٰۃ المناجیح، ج6 ص621) ❁ جب بھی کسی شعبے کا مدنی مذاکرہ ہو تو وہ ایک ہفتہ قبل سوالات بھیج دے ❁ اجتماعات کے بہت فوائد ہیں، دعوتِ اسلامی کے مدنی کاموں کا آغاز ہفتہ وار اجتماع سے ہوا، ذِمہ داران اپنے گھر والوں کو ہفتہ وار اجتماع میں شرکت کروایا کریں ❁ مرکزی مجلسِ شوریٰ میرا مدنی قبیلہ ہے ❁ جس کو کام کرنا ہوتا ہے، وہ عذر کے باوجود کرلیتا ہے اور جو نہ کرنا چاہے تو بہانہ بنا لیتا ہے ❁ آپ اجتماع میں جسمانیت (شرکاء کی تعداد) بڑھائیں تو کوئی نیک جسم آگیا تو روحانیت بھی بڑھ جائے گی (کیونکہ جہاں چالیس مُسلمان صالح (یعنی نیک) جَمع ہوتے ہیں اُن میں سے ایک ولیُّ اللہ ضرور ہوتا ہے۔ (فتاوٰی رضویہ تخریج شدہ ج

24،ص184) ❁ جو ہفتہ وار اجتماع میں اچھی اچھی نیتیں کر کے، باادب، باوضو، اہتمام کے ساتھ، صاف ستھرے کپڑے پہن کر، تیل اور خوشبو لگا کر، حسنِ اعتقاد، خلوص اور للّٰہیت رکھتے ہوئے شرکت کرے تو اسے ضرور رُوحانیت نصیب ہو گی۔ ان شاءَ اللہ عزوجل ❁ ہر ایک کو اپنے ظرف کے مطابق روحانیت ملتی ہے ❁ میرے پیارے آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا کوئی لمحہ اور دن بغیر ذکر کے نہیں گزرا ❁ حاضرین کی دلجمعی ناظرین سے زیادہ ہوتی ہے ❁ مراۃ میں ہے کہ بچے اور بوڑھے سے آپریشن نہ کروائیں کہ بچے میں تجربہ کم ہے اور بوڑھے میں تجربہ زیادہ، مگر طاقت کم ہے، جوان میں تجربہ قدرِ کم ہے لیکن طاقت زیادہ ہوتی ہے ❁ ہفتے کو ہونے والے مدنی مذاکرے کے اختتام پر اراکینِ شوریٰ، اسلامی بھائیوں سے ملاقات کریں، لنگرِ رسائل کی ترکیب بنائیں ❁ پیر شریف کو روزہ رکھنے اور رکھوانے کی ترکیب بنائیں ❁ بڑا ذِمہ دار روزہ رکھے گا تو ماتحت بھی رکھیں گے ❁ علاقوں میں جا کر روزے رکھنے رکھوانے، صدائے مدینہ لگانے، بعدِ فجر مدنی حلقہ اور اشراق و چاشت کی ترکیب بنائی جائے ❁ بیان کے ساتھ ساتھ ملنا، انفرادی کوشش، اپنی جگہ اور ایک، دو کو جدا سے لے کر بیٹھنے کی اپنی اہمیت ہے، درس کے بعد یہی طریقہ ہے ❁ انفرادی کوشش مؤثر مدنی کام ہے ❁ علماء سے پوچھے بغیر پانی بھی نہ پئیں ❁ مجلس دارالافتاء اہلسنّت کی طرف سے متخصص، نائب مفتی، مفتی اور مصدق شرعی سوالات کے جوابات دینے کے مجاز (اجازت یافتہ) ہیں ❁ حتی الامکان دارالافتاء اہلسنّت سے تحریری جواب لیا جائے ❁ میں چاہتا ہوں کہ دعوتِ اسلامی کے ہر مدنی مرکز فیضانِ مدینہ کی عمارت کا انداز، رنگ وروغن اور نقشہ ایک جیسا ہو ❁ سبھی اسلامی بھائی ماہِ رمضان کے آنے سے پہلے پہلے ''فیضانِ سنت'' جلد اوّل کے باب **''فیضانِ رمضان''** کا مطالعہ فرمالیں۔

## مُطالَعہ اور فرض عُلوم

❁......فرض عُلوم کا تارِک گُناہ گار ہے۔ **(حدیقہ ندیہ، ج 2ص 105)** جو فرض علم نہ سیکھے وہ صالح نہیں ہوسکتا اگرچہ تہجّد گزار ہو۔ فرض عُلوم سیکھنے کے لیے دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے وابستہ رہیئے، کتابوں کا مطالعہ کیجئے۔ علماء سے پوچھتے رہیئے، دعوتِ اسلامی کے تحت ہونے والے مختلف کورسز بھی فرض عُلوم سیکھنے کا بہترین ذریعہ ہیں۔

❁......محض مُطالعہ کرنا ورق گردانی ہے، اصل سیکھنا ''یاد کرنا'' ہے، اِس طرح اور اتنی بار پڑھیئے کہ یاد ہوجائے۔

❁......دورانِ مدنی مشورہ تمام ذمہ داران سے مکتبۃ المدینہ کی کتابوں/ رسائل کے پڑھنے کے بارے میں ضرور گفتگو کریں۔ مُطالعہ کے بارے میں ترغیب دلائیں۔ موقع محل کے مطابق کتابیں/ رسائل پڑھنے کا ہدف دینے

کے ساتھ ساتھ لنگرِ رسالہ کی بھی ترکیب ہو تو مدینہ مدینہ۔

محدّثِ زمانہ علاّمہ عبدالرحمٰن ابنِ جوزی علیہ رحمۃ اللہ القوی فرماتے ہیں: میں نے اپنے ہاتھوں سے 2 ہزار کتابیں تصنیف کیں (سیر اعلام النبلاء، ج 15ص 486) مزید فرماتے ہیں: میری طبیعت کتابوں کے مُطالعہ سے کسی طرح سیر نہیں ہوتی، جب کسی نئی کتاب پر نظر پڑ جاتی ہے تو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ کوئی خزانہ ہاتھ آ گیا ہے۔ میں نے مدرسہ نظامیہ کے پورے کتب خانہ کا مُطالعہ کیا جو 6 ہزار کتابوں پر مشتمل ہے اور اِس کے علاوہ جو کتاب میری دست رس (پہنچ، رسائی) میں آئی میں نے اس کا مُطالعہ کرڈالا۔ اگر میں کہوں کہ میں نے میں 20 ہزار کتابوں کا مطالعہ کیا ہے تو بہت زیادہ معلوم ہوگا لیکن یہ تعداد بھی میری طلب سے کم ہے۔ مجھے ان کتابوں کے مُطالعہ سے سلف (بُزرگانِ دین) کے حالات واَخلاق، اُن کی عالی ہمتی، قوتِ حافظہ، ذوقِ عبادت اور عُلومِ نادرہ کا ایسا اَندازہ ہوا جو اِن کتابوں کے بغیر نہیں ہوسکتا۔ اِس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مجھے اپنے زمانے کے لوگوں کی سطح پست معلوم ہونے لگی اور اِس وقت کے طلبہ کی کم ہمتی ظاہر ہوگئی۔ (صید الخاطر، فصل قدماء العلما وھمتھم العالیۃ، ص 327)

۞...... ہر زمین پانی جذب کرنے والی نہیں ہوتی۔

## مَدَنی انعامات و مدنی قافلہ

﴿1﴾ مجلس مَدَنی قافلہ 3,12,30 دن اور 12 ماہ سفر کرنے والے عاشقانِ رسول کے لیے مدنی قافلے کے جدول میں **مُطالعہ کا نصاب** بنائے اور نگرانِ شوریٰ و نگرانِ پاکستان انتظامی کابینہ کو میل کرے۔ **ہدف: 26 دن**

﴿2﴾ مجلس مَدَنی قافلہ اور مجلس مدنی انعامات کے متعلقہ اراکینِ شوریٰ و پاکستان سطح کے ذِمہ داران باہم مشورے سے 41 روزہ مَدَنی انعامات و مدنی قافلہ کورس، 63 روزہ مَدَنی تربیتی کورس، 12 روزہ مُستقل قفلِ مدینہ کورس کے **نصاب، سیکھنے سکھانے کے انداز** اور مدنی قافلوں میں سفر کے طریقہ کار پر نظرِ ثانی فرمالیں تاکہ ضرورتاً تبدیلی کو عملی جامہ پہنایا جاسکے۔

﴿3﴾ مَدَنی قافلے کا جدول اس طرح ہونا چاہیے جس طرح **12 روزہ مدنی کورس** کا جدول اور اَنداز ہے۔

﴿4﴾ مجلس مَدَنی انعامات کے ذِمہ داران، شعبے/ **ذیلی حلقے کے 12 مدنی کاموں** میں مزید فعال ہوں اور مجلس مَدَنی قافلہ کے ذِمہ داران **قفلِ مدینہ تحریک** میں شامل ہوجائیں۔

﴿5﴾ **مَدَنی انعامات و مدنی قافلہ کورس** کروانے کی ذمّہ داری اُس معلم کو دیں جو 72 میں سے کم از کم 63/52

مدنی انعامات کا عامل ہو۔

﴿6﴾ **مستقل قفلِ مدینہ** کورس کے **جدول و اِنتظامی معاملات** پرغور کیا جائے، اگر کمزوری پائیں تو فوراً دُور کی جائے۔ (جو اراکینِ شوریٰ یہ کورس کر چکے ہیں وہ باہم مشورہ کر کے طے کریں۔ **ہدف: 26 دن**)

﴿7﴾ 41 روزہ مَدَنی انعامات و مدنی قافلہ کورس میں **مجلس مدنی انعامات** کے ذِمہ داران کے بیانات کی ترکیب بھی کی جائے۔

﴿8﴾ نماز کی بروقت تیاری کریں تاکہ **سُنّتِ قَبلِیہ اور تکبیرِ اُولیٰ** کو بآسانی پاسکیں۔

## مُستقل قفلِ مدینہ والوں کی خصوصیات

﴿9﴾ **مستقل قفلِ مدینہ** لگانے والوں کی چند ایسی **خصوصیات** ہیں، جن سے یہ پہچانے جاتے ہیں۔

☆ **نگاہیں** جُھکائیں رکھنا ☆ **حیا** ☆ **سنجیدگی** ☆ **کم گوئی**

﴿10﴾ بعض اوقات **باطِن کی کیفیّت**، چہرے سے جھلکتی ہے۔

﴿11﴾ جب **قلب صاف** ہوتا ہے تو اس کے اثرات دیگر لوگوں کے قلب پر پڑتے ہیں۔

﴿12﴾ **قلب کی صفائی** ضروری ہے۔

﴿13﴾ ہر اسلامی بھائی اور اسلامی بہن کو **عبادت گزار، متقی و پرہیزگار، باعمل، حُسنِ اَخلاق کا پیکر اور سنجیدہ** ہونا ضروری ہے۔

﴿14﴾ تمام ذِمّہ داران مسجد کی **پہلی صف** میں نماز پڑھیں، سُنّتِ قَبلِیہ و بعدیہ ادا کریں اور اسلامی بھائیوں کے ساتھ بیٹھیں، انفرادی کوشش کریں اور انھیں **مَدَنی کاموں** میں فعال کرنے کی کوشش کریں۔

﴿15﴾ ہماری نجی زندگی اور تنظیمی سرگرمیاں **مَدَنی انعامات** میں ڈھلی ہوئی ہونی چاہئیں۔

﴿16﴾ دعوتِ اسلامی، **شرفاء کی تحریک** ہے اور شریف آدمی جھگڑالو نہیں ہوتا۔

﴿17﴾ مجلس مدنی انعامات، **مستقل قفلِ مدینہ** لگانے والوں کی حوصلہ افزائی کرے تاکہ دیگر اسلامی بھائیوں کو بھی **مستقل قفلِ مدینہ** کی ترغیب ملے (مجلس مدنی انعامات برائے اسلامی بہنیں بھی مستقل قفلِ مدینہ لگانے والی اسلامی بہنوں کی حوصلہ افزائی کرے)

﴿18﴾ اپنے آپ کو نیک ثابت کرنے کے لیے جینے کے بجائے **نیک** بننے کے لئے جینا چاہیئے

## مجلس وقف اَملاک (اَمْ۔لاک)

﴿19﴾ رُکنِ شوریٰ حاجی محمد **عقیل عطاری المدنی** اور رکنِ شوریٰ ابو ماجد حاجی **محمد شاہد عطاری المدنی** کو **دعوتِ اِسلامی کی وقف اَملاک** کا مُتَوَلّی بنایا گیا۔

﴿20﴾ **مجلس وَقف اَملاک** بنائی گئی جس کے نگران واراکین یہ ہیں: [1] حاجی محمد عقیل عطاری المدنی (**نگران مجلس**) [2] ابو ماجد حاجی محمد شاہد عطاری المدنی [3] محمد عماد عطاری المدنی (رکن شوریٰ) [4] حاجی محمد جہانگیر عطّاری (نگرانِ عطاری کابینہ، باب المدینہ کراچی) [5] محمد ثاقب محمود عطّاری المدنی (باب المدینہ کراچی)

﴿21﴾ اس مجلس کو یہ اختیار ہے کہ ہر سطح کے ذمہ دار، مشاورت ہر نگران و ذمہ دار سے اس شعبے کے حوالے سے **پوچھ گچھ** کرسکتی ہے۔

﴿22﴾ شرعی اَحکام اور تنظیمی اُصولوں کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے فیصلہ کیا جائے گا، مذکورہ مجلس کام طے کرکے ذِمہ داران کو بتائے گی، **عملی طور پر نافذ کروانا** اُن کی ذمہ داری ہے۔

﴿23﴾ کسی مُعاملے میں **رِعایَت و مُصالحت/ سمجھوتہ** (Compromise) کرنے کے بجائے **عملی اقدامات** کے لیے ہر وقت تیار رہیں۔

﴿24﴾ مجلس کی اجازت کے بغیر کسی ذِمہ دار کو بھی دعوتِ اسلامی کی کسی "**وقف اَملاک**" میں ایک کیل لگانے کی بھی اجازت نہیں۔

﴿25﴾ اعلیٰ حضرت علیہ رحمۃ رب العزت وقف اَملاک کی اہمیت بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ جو وقف کے معاملے میں **خیانت** کرے گا، اُس کو **معزول** کردیا جائے گا۔ (ماخوذ از فتاوی رضویہ، ۱۶/۱۶۲)

﴿26﴾ مجلس فیضانِ مدینہ، مجلس وقف اَملاک کے مشورے سے وقف اَملاک کے **نائب متولی** بنائے۔

﴿27﴾ مجلس فیضانِ مدینہ، وقف اَملاک میں غیر شرعی کام دیکھے تو متعلقہ نائب متولی کے ذریعے اُس کو درست کروائے، اگر کوئی تنظیمی یا شرعی مسئلہ ہو تو متعلقہ نگرانِ کابینہ اور دارالافتاء اہلسنّت کے مدنی علماء سے مشورہ کرکے اُس کا حل نکالے۔

﴿28﴾ تقریباً **5 ہزار وقف اَملاک** میں کم وبیش **350 مدنی مراکز** (فیضانِ مدینہ) ہیں۔

﴿29﴾ مسجد و مدنی مرکز (فیضانِ مدینہ) کی تعمیر سے قبل **عینِ مسجد، فنائے مسجد** وغیرہ کی نیّت وتَعَیُّن (تَ۔عَیْ۔یُن) کا اختیار، نگرانِ مجلس وقف اَملاک کو ہے۔

﴿30﴾ جب کسی عمارت کا تعمیراتی دورہ کریں تو آپ کے ساتھ **ماہر انجینئر** اور **دارالافتاء اہلسنّت کے مدنی عالم ہونے چاہئیں۔**

﴿31﴾ دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول میں **شریعت کی پابندی اور بالادستی** مثالی ہونی چاہیئے۔

﴿32﴾ کسی کو شریعت کا پابند بنانے کے لیے شریعت کا خون (شریعت کی خلاف ورزی) کرنا **نادانی** ہے۔

﴿33﴾ کسی کو مسجد، مدرسۃ المدینہ، جامعۃ المدینہ اور دارالمدینہ وغیرہ کے لیے **ازخود پلاٹ/عمارت** لینے کی اجازت نہیں جب تک مُتعلِّقہ مجالس (فیضانِ مدینہ، مدرسۃ المدینہ، جامعۃ المدینہ یا دارالمدینہ) سے اجازت نہ لے لی جائے۔

## مجلس فیضانِ مدینہ

﴿34﴾ **مجلس فیضانِ مدینہ**، مجلس وقف اَملاک کے تحت ہے۔

﴿35﴾ **محمد جنید عطاری المدنی** (نگرانِ چشتی کابینہ، سردارآباد) کو مجلس فیضانِ مدینہ کا پاکستان سطح پر نگران بنایا گیا۔

﴿36﴾ ہر **فیضانِ مدینہ کا نقشہ** ایک جیسا ہونا چاہیے، جو بھی تعمیرات ہوں، مجلسِ مالیات کے ذریعے اس کا آڈٹ کیا جائے۔

﴿37﴾ چندے میں **تصرّف اور خرچ** کے بارے میں شرعی اَحکام کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے بہت احتیاط کی حاجت ہے

## ہر ذمّہ دار کا کورس اور نصاب

﴿38﴾ ذمہ دارانِ دعوتِ اسلامی کی تنظیمی و شرعی مضبوطی کے لئے یہ کورس کروائے جائیں: ﴿☆﴾ **مدنی تربیتی کورس** ﴿☆﴾ **مدنی انعامات و مدنی قافلہ کورس** ﴿☆﴾ **چندے کے بارے میں کورس** ﴿☆﴾ **وقف اَملاک کا کورس** ﴿☆﴾ **مبلغ کورس** وغیرہ

﴿39﴾ رکنِ شوریٰ حاجی محمد عقیل عطاری المدنی، دارالافتاء اہلسنّت کے مدنی علماء کے تعاون سے **مختصر اور جامع مدنی پھول** تیار کریں اور حسبِ موقع تقسیم کی ترکیب بنائیں۔ مثلاً مسجد کا نظام چلانے کے مدنی پھول، عشر کے مدنی پھول، چندہ لینے، دینے کے مدنی پھول، زکوٰۃ ادا کرنے کے مدنی پھول وغیرہ۔

﴿40﴾ رکنِ شوریٰ حاجی محمد عقیل عطاری المدنی، **اِمام و خطیب کا نصاب**، تمام اراکینِ شوریٰ کو میل کریں۔ **ہدف: 3 دن**

﴿41﴾ مرکزی مجلسِ شوریٰ کی ذِمہ داری ہے کہ وہ **اُصول و ضوابط** بنائے، ذِمہ داران تک پہنچائے، انھیں یاد کروا کر عمل کروائے

﴿42﴾ رکنِ شوریٰ حاجی محمد عقیل عطاری المدنی، سجاد مدنی و مفتی فضیل رضا عطاری مدظلہ العالی کے مشورے سے ذِمہ داران کے لیے **’’واجب علوم کورس‘‘** کا نصاب تیار کریں۔ **ہدف: ۱۰ شوال المکرّم ۱۴۳۵ھ**

# ذمہ داران کا انداز

﴿43﴾ ذمہ دارانِ دعوتِ اسلامی، امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کا سادہ اورعوامی اندازاختیارکریں۔

﴿44﴾ اراکینِ شوریٰ ونگرانِ کابینات ونگرانِ کابینہ، شعبہ جات کے ذمہ داران و دیگر ذمہ داران ہر منگل کو **مرکزی مجلسِ شوریٰ کے مدنی مشورے کے مدنی پھول** پڑھیں اوراپنے ذمہ لگنے والے مدنی کاموں کا جائزہ لیں اوراپنے ماتحتوں کے سپرد کئے جانے والے کاموں کی پوچھ گچھ بھی کریں۔

﴿45﴾ کسی بھی سطح کے مدنی مشورے میں پوری تیاری کے ساتھ شرکت کریں، مثلاً: **سابقہ وموجودہ کارکردگی**، ترقی وتنزلی، پیشگی **جدول وجدول کارکردگی**، مسائل وتجاویز، آئندہ کے اہداف وغیرہ تحریری طور پر موجود ہوں۔

﴿46﴾ تمام ذمہ داران، اپنے انداز اور معاملات میں **انتہائی نرمی** اختیار کریں کیونکہ نرمی زینت عطا کرتی ہے۔

﴿47﴾ کسی بھی مدنی کام میں **مُبالَغے** سے بچتے ہوئے اہداف لیں اور دیں اور پھر اسے پورا کرنے کی بھی بھرپور کوشش کریں نیز بروقت اپنے نگران کو کام کے ہونے یا نہ ہونے کی کارکردگی سے بھی آگاہ کریں۔

## ای میل (E-Mail) کا رپلائی

﴿48﴾ تمام ذمہ داران، امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ ،شہزادۂ عطار، نگران واراکینِ شوریٰ، نگرانِ کابینہ/کابینات (ملک و بیرونِ ملک) اور پاکستان سطح کے شعبہ جات کے ذمہ دار کی **میل خود چیک** کریں، زیادہ سے زیادہ 12 گھنٹے میں **جواب لازمی** دیں۔

﴿49﴾ جب آپ کسی کو میل یاSMS کریں توجب تک **رپلائی** نہ آئے سمجھئے آپ کا پیغام نہیں پہنچا۔صرف میل یاSMS کرکے مطمئن نہ ہوجائیں کہ آپ نے ذمہ داران کو پیغام پہنچا دیا ہے۔

﴿50﴾ جب کسی کی آپ تک رسائی ہوجائے تو اس کی بات کو حتی الامکان دیگر کاموں بالخصوص فون کے استعمال سے بچتے ہوئے **توجہ سے سنئے**، نرم رہیے اوراس کا کام خود کرنے کی کوشش کیجئے۔

﴿51﴾ **ہر کام** ہر کسی کے سپرد نہیں کیا جاتا بلکہ بعض اہم کام خود کرنے ہوتے ہیں اور نہ ہی ہر ایک کی ہر بات کا یقین کرلینا چاہیے۔

## 12 مدنی کام

﴿52﴾ تمام ذمہ داران، **ذیلی حلقے کے 12 مدنی کام** اس طرح کریں جس طرح وقف مبلغین کرتے ہیں۔

اللہ عزوجل ہمیں توفیق عطا فرمائے۔آمین

﴿53﴾ ہر اسلامی بھائی کو **12 مدنی کام** اور ہر اسلامی بہن کو **8 مدنی کام اَزبر** (زبانی) یاد ہونے چاہئیں:

**روزانہ کے 5 مدنی کام**: {1} صدائے مدینہ {2} بعدِ فجر مدنی حلقہ {3} مسجد درس {4} مدرسۃ المدینہ بالغان {5} چوک درس۔

**ہفتہ وار 5 مدنی کام**: {1} ہفتہ وار اجتماع {2} یومِ تعطیل اعتکاف {3} ہفتہ وار مدنی مذاکرہ/مسجد اجتماع/تربیتی حلقہ {4} کیسٹ/VCD اجتماع {5} علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت

**ماہانہ 2 مدنی کام**: {1} مدنی قافلہ {2} مدنی انعامات

﴿54﴾ مبلغین بیانات میں **12 مدنی کاموں کا تذکرہ** کرتے رہیں۔

﴿55﴾ تمام ذِمہ داران مدنی مشوروں/تربیتی اجتماعات وغیرہ میں اسلامی بھائیوں کو **12 مدنی کام یاد** کروائیں، کون کتنے مدنی کام کرتا ہے؟ 12 مدنی کاموں میں عملی شرکت کے حوالے سے وقتاً فوقتاً پوچھتے رہیں، جوان مدنی کاموں میں زیادہ حصہ لیتا ہے، اسے مدنی تحائف بھی پیش کریں۔

﴿56﴾ اللہ عزوجل اور اُس کے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کی رِضا وخوشنودی، حصولِ ثواب، اصلاحِ اُمت، **دِین کی بقاء، اسلام کی سربلندی** اور دیگر اچھی اچھی نیتوں کے ساتھ اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کے لیے حتی المقدور دعوتِ اسلامی کے طریقہ کار کے مطابق مدنی کاموں کی دھومیں مچایئے۔

## 2 درسِ فیضانِ سُنّت کی ترکیب

﴿57﴾ ہر ذمہ دار مدنی انعام نمبر 12 پر عمل کرتے ہوئے روزانہ کم از کم **2 درس دینے/ سننے** کی ترکیب بنائے، اس میں ایک "**گھر درس**" ضروری ہے۔

﴿58﴾ ہر ذمہ دار اسلامی بھائی کے **گھر میں درس** (شرعی پردے کی احتیاط کے ساتھ) ہونا چاہیئے اور وہ کوشش کرے کہ گھر کے تمام افراد روزانہ فکرِ مدینہ کے ذریعے **مدنی انعامات کا رسالہ** پُر کر کے اپنے یہاں کے ذمے دار کو جمع کروانے کا معمول بنائیں۔

﴿59﴾ تمام ذمہ داران، مدنی مشوروں میں اسلامی بھائیوں سے **گھر درس** اور گھر کے دیگر افراد کے روزانہ **فکرِ مدینہ** کرنے والے مدنی انعام پر عمل کے لیے کوشش کا پوچھتے رہیں، مرکزی مجلسِ شوریٰ اور کابینات کے آئندہ مدنی مشورے میں بھی پوچھا جائے گا۔اِن شآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

## نمازِ جمعہ کے مدنی کام

﴿60﴾ نمازِ جُمُعَہ سے پہلے **علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت** اور نمازِ جُمُعَہ کے بعد **مدنی حلقہ** لگایا جائے ، اگر خطیب صاحب اجازت دیں تو جُمُعَہ کے بیان کی ترکیب بھی بنائیں۔

## پورے ماہ رمضان کا اعتکاف

﴿61﴾ **رکنِ شوریٰ قاری محمد سلیم عطاری** ''مَدِینۃ الاولیاء ملتان'' اور **نگرانِ غزالی کابینات**، محمد سلیم عطاری ''بھکر'' میں **30 دن اعتکاف** کریں گے۔ اِن شآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

## پورے ماہِ رمضان کے اعتکاف کے اھداف

(عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ، باب المدینہ کراچی، جس میں کم از کم 10% ذمہ داران ہوں گے)

| کابینات | ھدف | کابینات | ھدف |
|---|---|---|---|
| عطاری | 2600 | غزالی | 112 (فی کابینہ) |
| برکاتی | 500 | ہجویری | 12 (فی ڈویژن) |
| امجدی | 100 (فی کابینہ) | صدیقی | 7 (فی ڈویژن) |
| جنیدی | 100 (فی کابینہ) | مہروی | 100 (فی کابینہ) |
| سیرانی | 100 (فی کابینہ) | محمدی | 326 |
| سہروردی | 63 (فی کابینہ) | جیلانی | 313 |
| چشتی | 563 | اصحابی | 126 (فی کابینہ) |

## دیگر اھداف

مجلس **فیضانِ مرشد**: 2600، مجلس **مدرسۃ المدینہ**: 350، مجلس **بیرونی ممالک**: 1200

﴿62﴾ رُکنِ شوریٰ حاجی محمد وقار المدینہ عطاری شعبان المعظم ۱۴۳۵ھ میں **محمدی کابینات** (کشمیر) کا جدول بنائیں، **میرپور، کوٹلی اور مظفر آباد** (کشمیر) 3 مقامات پر **30 دن اعتکاف** کی ترکیب بنائی جائے، رُکنِ شوریٰ ان تینوں مقامات پر 10,10 دن کا اعتکاف کریں، اسی طرح رُکنِ شوریٰ محمد رفیع عطاری **جیلانی کابینات** (خیبر پختونخواہ)

میں **مدنی صحراء** (مانسہرہ)، **پشاور اور ڈیرہ اسماعیل خان**، 3 مقامات پر **30 دن اعتکاف** کی ترکیب بنائی جائے۔

## جدول

﴿63﴾ جب بھی کوئی رُکنِ شوریٰ بیرونِ ملک جائیں تو اپنے **جدول سے دیگر اراکینِ شوریٰ کو مطلع** کریں اور دیگر اراکینِ شوریٰ اس ملک میں اپنے شعبوں کو مضبوط کرنے کے لیے موجودہ اجمالی کارکردگی، مشورے و تجاویز دیں۔

﴿64﴾ **مرکزی مجلسِ شوریٰ، کابینہ و کابینات، شعبہ جات کے پاکستان سطح کے ذِمہ داران کے 12 ماہ کے مدنی مشوروں کی تاریخیں** (جو کہ بابُ المدینہ میں ہوں گے) طے ہو چکی ہیں، اس کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے جدول بنائیں، آپ دنیا میں کہیں بھی ہوں، شوریٰ و کابینات اور شعبہ جات کی پاکستان سطح کی مجالس کے مدنی مشوروں میں شرکت کو یقینی بنائیں۔

﴿65﴾ مرکزی مجلسِ شوریٰ کا مدنی مشورہ شروع ہونے سے کم از کم **12 گھنٹے قبل** پہنچنے کی ترکیب بنائی جائے تا کہ طعام و آرام اور مدنی مشورے سے متعلق کام باطمینان کیے جاسکیں۔

﴿66﴾ نگرانِ کابینات **ہر کابینہ میں 2/3 دن** رُکنے کا جدول بنائیں، وہاں کے اسلامی بھائیوں کی مدنی تربیت کریں، علمائے کرام، آئمہ اور تمام عاشقانِ رسول سے ملاقات کریں بالخصوص مدنی انعام نمبر 55 پر عمل کی ترکیب بنائیں۔

﴿67﴾ پاکستان سطح کا شعبہ ذمہ دار ملک بھر کا جدول بنا کر اپنے **شعبے کی ترقی** کی بھرپور کوشش کرے۔

﴿68﴾ جو کام کرے گا، اس کا **کام نظر آئے گا**۔

﴿69﴾ اپنے جدول کو **منظّم** کریں، تمام کاموں کو لکھ کر غور کریں کہ سب سے پہلے زیادہ اہم کام کیا ہے، پھر کون سا؟ وغیرہ، جو کام زیادہ اہم ہو، اُسے سب سے پہلے کیجئے۔ ہفتے میں ایک دن (ممکن ہو تو منگل) غور و فکر کے لیے رکھیں۔

﴿70﴾ ہر کام کے لیے وقت اور **ہر وقت کے لیے کام** ہونا چاہیے۔

﴿71﴾ **ایزی** (Easy) اور **بزی** (Busy) رہیں۔

﴿72﴾ کون سا کام ہمیں کرنا ہے؟ اور کون سا کام لینا ہے؟ اس پر **غور کر کے فیصلہ** کریں۔

﴿73﴾ تنظیم جس طرح نتیجہ چاہتی ہے وہ کر کے دیں، صرف زبان سے **کارکردگی** بیان کرنا کافی نہیں۔

# مجلس دارالافتاء اہلسنّت سے شرعی رہنمائی

﴿74﴾نگرانِ کابینات اورذمہ داران، مدنی مشوروں میں اس کی بھی کارکردگی لیں کہ شرکائے مدنی مشورہ نے دارالافتاء اہلسنّت سے **تنظیمی مسائل کی شرعی رہنمائی** کتنی مرتبہ لی؟ (یادرہے! کہ تنظیمی،شرعی رہنمائی اپنے متعلقہ رکنِ شوریٰ کے ذریعے حاصل کی جاتی ہے)

﴿75﴾اراکینِ شوریٰ، کسی مجلس کو یہ نہ کہیں کہ آپ اس تنظیمی مسئلے میں دارالافتاء اہلسنّت سے شرعی رہنمائی لے لیں بلکہ خودشرعی رہنمائی لیں تا آپ کے علم میں بھی اضافہ ہو اورشرعی حکم کو نافذ کرنے کی بہتر ترکیب ہوسکے،اگرکسی نے خود**شرعی رہنمائی** لی ہوتواس سے پوچھ لیں کہ کیاسوال کیا تھااوراس کا کیا جواب ملا؟

﴿76﴾یہ ذہن بنالیجئے کہ مجھے **گناہ سے بچ کر**مدنی کام کرنا ہے۔اِن شآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ

﴿77﴾سوال کرنا بھی **ایک فن** ہے۔

﴿78﴾سوال کرتے وقت **حقیقتِ حال** بیان کی جائے نہ کہ اپنے طور پر جائز یا ناجائز سمجھ کرسوال کیا جائے۔ **جائزیاناجائزکافیصلہ دارالافتاء اہلسنّت سے ملے گا۔**

﴿79﴾اسلامی بھائیوں کو**شرعی رہنمائی** لینے کاعادی بنانے کی کوشش جاری رکھیں۔

﴿80﴾**تمام ذمہ داران** ذہن بنائیں کہ مجھے ہر**ذاتی اور تنظیمی** معاملے میں شرعی رہنمائی کے بغیر**ایک قدم بھی نہیں اُٹھانا**۔اِن شآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ

# مدنی عطیات

﴿81﴾دعوتِ اسلامی کے **سالانہ اربوں روپے** کے اخراجات ہیں، تمام اسلامی بھائی اوراسلامی بہنیں ان اخراجات کوپورا کرنے کے لیے بھرپورکوشش کریں۔

﴿82﴾ہراسلامی بھائی اوراسلامی بہن''**چندے کے بارے میں سوال جواب**'' کامطالعہ ضرورکرے۔

﴿83﴾**مدنی عطیات** کوبڑھانے کاایک طریقہ یہ بھی ہے کہ پچھلے سال چندہ دینے والوں سے رابطہ کرنے کے ساتھ ساتھ ان لوگوں سے بھی رابطہ کریں،جن سے ابھی تک نہیں ملے،ان کی **فہرست** بنائیں اورایک ایک سے ملاقات کیجئے۔

﴿84﴾**۱۴۳۵ھ** میں پاکستان بھرمیں **فطرہ** جمع کرنے کے لیے کم وبیش **41 ہزار بستے** لگائے جائیں گے۔فی کابینہ 392 بستوں کاہدف۔(جامعات المدینہ و مدارس المدینہ کے طلبہ و مدرسین بھی اپنی دعوتِ اسلامی کی ترقی ومضبوطی

کے لئے اپنے ناظمین کی اطاعت کرتے ہوئے خوب خوب مدنی عطیات جمع کریں اور اس کے لیے فطرے کے بستے لگائیں )

﴿85﴾ **مجلس مدنی عطیات بکس** (Box) بالخصوص **Overseas Hajveri** (یوکے وغیرہ) میں متعلقہ رکنِ شوریٰ کی مشاورت واِجازت سے ترکیب کی جائے۔

## تنظیمی تبدیلی

﴿86﴾ اگر آپ کسی کی **ذمہ داری تبدیل** کرنا چاہتے ہیں تو پہلے اس کے **تمام پہلوؤں** (تبدیلی کی وجوہات) **پر غور کریں** (☆) سابقہ ذمہ داری کیا تھی ؟ (☆) کارکردگی کیسی رہی ؟ (☆) اگر اجیر تھے تو مشاہرہ کتنا تھا؟ اور (☆) جو نئی ذمہ داری دی جارہی ہے تو کیا اس نئے شعبے میں دلچسپی بھی رکھتے ہیں یا نہیں؟ حتی المقدور جملہ مسائل حل کر کے **نئی ذمہ داری** سونپی جائے۔

﴿87﴾ کسی بھی شعبہ ذِمہ دار کی متعلقہ مجلس کے **پاکستان سطح کے ذمہ دار** (نگرانِ مجلس) سے مشاورت کئے بغیر **تبدیلی نہیں کی جاسکتی** اور نہ ہی مشاورت کے بغیر زائد ذمہ داری دی جاسکتی ہے۔ خلاف ورزی کی صورت میں **نگرانِ پاکستان انتظامی کابینہ** متعلقہ ذمہ دار سے پوچھ گچھ کریں گے۔

﴿88﴾ کسی بھی ذمہ دار کا شعبہ حتی الامکان تبدیل نہ کیا جائے تاکہ وہ اُس شعبہ میں کام کرنے کی مہارت حاصل کر کے دعوتِ اسلامی کے مدنی کام کو مضبوط سے مضبوط تر کر سکے، اگر بار بار شعبہ بدلتے رہیں گے یا اُس کی ہمت سے زائد ذمہ داریاں دیں گے تو شاید یہ کسی بھی شعبہ میں ممتاز کارکردگی نہ لاسکے۔

﴿89﴾ آزادی شرعی وتنظیمی قیودات کے ساتھ دی جاتی ہے۔ (Freedom with limitation)

## تربیتی اجتماعات

﴿90﴾ **جامعۃ المدینہ** سے فارغ التحصیل ہونے والے طلبہ کی **دستارِ فضیلت اور تربیتی اجتماع** 9، 10 شوال المکرّم **١٤٣٥ھ** عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ باب المدینہ (کراچی) میں ہوگا۔ اِن شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

﴿91﴾ ان شآءاللہ عزوجل ہر شعبے کے ذمہ داران کا 3 روزہ **تربیتی اجتماع** ہر 12 ماہ میں 1 مرتبہ عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ بابُ المدینہ میں ہوگا، جس میں ہفتہ وار اجتماع، مدنی مذاکرہ اور نگرانِ شوریٰ کے بیان میں شرکت ہوگی نیز دارالافتاء اہلسنّت کے مدنی علماء شرعی رہنمائی اور نگران واراکینِ شوریٰ تنظیمی تربیت فرمائیں گے۔

﴿92﴾ تربیتی اجتماع سے پہلے اس کی تیاری کی جائے، جدول تیار کیا جائے، فیضانِ مدینہ کے ناظم الامور کو کم

ازکم 7 دن قبل مطلع کیا جائے، جن جن کے بیانات ہونے ہیں اُن کو پیشگی اطلاع دی جائے اور موضوعات دیئے جائیں، مجلس غور کرے کہ ہمارے شعبے میں کیا کیا **کمزوریاں** ہیں اور ان کا حل کیا ہے؟ اس کے لیے کیا **اقدامات** کیئے جاسکتے ہیں؟ شرکائے تربیتی اجتماع کو کمزوریوں کا حل پیش کیا جائے اور اہداف وجذبہ دیا جائے۔

﴿93﴾ تربیتی اجتماع کے **مقاصد** کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے کچھ بیانات کا تعلق اپنی اصلاح کی کوشش اور دعوتِ اسلامی کے مدنی کاموں سے ہو اور کچھ بیانات بالخصوص اس شعبے کے مدنی پھولوں میں دیے گئے طریقِ کار کے مطابق مدنی کاموں سے متعلق ہوں۔

## مَدنی مُذاکرے والا مَدنی کام

﴿94﴾ تمام اسلامی بھائی اور اسلامی بہنیں **مدنی مذاکرے** والے مدنی کام میں شرکت کرنے اور کروانے کی بھرپور سعی کریں۔

﴿95﴾ **مدنی مذاکرے** میں **شرکت کا جدول**، نگرانِ شوریٰ کا بیان اور امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی مکمل تشریف آوری (آمد تا رخصت) تک ہونا چاہیئے۔

﴿96﴾ صرف حاضری کے لئے نہیں بلکہ **رِضائے اِلٰہی، ثواب وعلمِ دین کے حصول اور فیضانِ مرشد** سے مالا مال ہونے کی اچھی اچھی نیّتوں سے شرکت کیا کریں۔

﴿97﴾ **مدنی مذاکرے** اور ہفتہ وار اجتماع کے دوران کسی قسم کا **کوئی تنظیمی کام کرنے کی اجازت نہیں**، ہر ذمہ دار کی شرکت لازمی ہے۔

﴿98﴾ **امیرِ اہلسنّت** دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی خواہش ہے کہ اسلامی بھائی اور اسلامی بہنیں **مدنی مذاکرے میں اوّل تا آخر** شرکت کیا کریں تاکہ اُن کی شرعی وتنظیمی مدنی تربیت ہوسکے۔

﴿99﴾ OB Van کے ذریعے **براہِ راست** (Live) ہونے والے مدنی مذاکرہ اجتماع میں **پاکستان سطح کی مجالس** کے نگران/ کابینات ذمہ دار حتی الامکان پہلے حاضر ہوکر **اجتماع کی تیاریوں** میں شریک ہوں اور وہیں مدنی مذاکرے میں شرکت کریں۔

﴿100﴾ **دعوتِ اسلامی** کے اِشاعتی اِدارے مکتبۃ المدینہ کی جاری کردہ DVD ''**دعوتِ اسلامی کب اور کیسے بنی؟**'' ہر ذمہ دار ضرور سنے تاکہ اُسے دعوتِ اسلامی کی تاریخ کا صحیح معنوں میں معلوم ہوسکے۔

﴿101﴾ 18 جون 2014ء (20 ویں شب شعبان المعظم ۱۴۳۵ھ) کو ہونے والے مدنی مذاکرے میں ملک

بھر کے **نعت خواں** شرکت کریں گے۔ اِن شآء اللہ عَزَّوَجَلَّ

﴿102﴾ مشہور نعت خوانوں کو **نگرانِ پاکستان انتظامی کابینہ، نگرانِ کابینات اور نگرانِ کابینہ** خود دعوت دیں۔

## دعوت اسلامی کے شعبے

﴿103﴾ شعبہ جات کے متعلقہ رُکنِ شوریٰ/نگرانِ مجلس، پاکستان سطح کی مجلس کا **ہر ماہ مدنی مشورہ** فرمائیں، ایک ماہ بذریعہ انٹرنیٹ اور ایک ماہ بالمشافہ (اس مدنی مشورے کا مقام مدینۃ الاولیاء ملتان ہونا بہتر ہے کیونکہ یہ پاکستان کا تقریباً درمیان ہے)، اگر اس مدنی مشورے میں کابینہ ذِمہ داران یا کابینہ سطح پر 3 رکنی مجلس کو بھی شرکت کروانی ہو تو نگرانِ پاکستان انتظامی کابینہ کی **پیشگی اجازت** ضروری ہے۔

﴿104﴾ مدنی چینل کے شعبے مدنی خبروں کے ذمہ دار جب بھی کسی شعبے کے ذِمہ دار سے رابطہ کریں تو وہ ان کے ساتھ **تعاون** کیا کریں۔

## مجلس حفاظتی امور

﴿105﴾ **عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ** (باب المدینہ کراچی) کے **حفاظتی اُمور** کے تمام معاملات کی ذِمہ داری **رُکنِ شوریٰ محمد اطہر عطاری** کو دی گئی۔

## مجلسِ رابطہ

﴿106﴾ **مجلسِ رابطہ**، شخصیات کو بھرپور دعوت دے کر عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ (باب المدینہ کراچی) میں **30/10 روزہ** اعتکاف کی ترکیب بنائے۔ **(ہدف: پاکستان کی 26 بڑی شخصیات)**

## جَدُّالمُمتَار کا تعارف

فقہِ حنفی کی مشہور و مُستَنَد کتاب رَدُّ المُحتَارِ عَلَی الدُّرِّالمُختَارِ (فتاویٰ شامی) حضرتِ علّامہ سیّد محمد امین اِبنِ عابِدین شامی علیہ رحمۃ اللہِ القوی کی تصنیف ہے، اعلیٰ حضرت اِمام احمد رضا خان علیہ رحمۃُ الرَّحمٰن اِس کتاب کی وضاحت، تشریح، تسہیل، مُتوقّع اعتراضات کے جوابات وغیرہ دیتے ہوئے عربی میں حاشیہ جَدُّالمُمتَارِ عَلٰی رَدِّ المُحتَارِ تحریر فرمایا۔ اب تک یہ کتاب 5 جلدوں پر مشتمل تھی، اِن میں اِبتدائی 2 جلدیں ہند سے شائع ہوئیں لیکن بقیہ 3 مَخطُوط (ہاتھ سے لکھی ہوئی) تھیں، مجلس المدینۃُ العِلمِیّۃ امیرِ اہلِ سنت، عاشقِ اعلیٰ

حضرت دَامَتْ بَرَکَاتُهُمُ الْعَالِیَہ کی اِجازت سے اس پر تقریباً 12 سال کام کیا اور 7 جلدوں پر مشتمل **جَدُّ الْمُمْتَار** 25 صفر المظفر 1435ھ کو دعوتِ اسلامی کے اِشاعتی ادارے مکتبۃُ المدینہ نے شائع کر دی ہے۔

**اس کی چند اہم خصوصیات:** (۱) اِنتہائی محنت طلب کام مَخطُوطات کی تخریج (۲) جدید عربی رسمُ الخط کی پابندی (۳) عبارت کی درستی کے لیے ایک سے زائد مرتبہ تقابُل اور کئی بار پُروف ریڈِنگ (۴) متنِ کتاب میں موجود عبارت کا اصل کتاب سے تقابُل (۵) اشارۃً ذکر کی گئی احادیث کا مع تخریج اِضافہ (۶) ذکر کئے گئے علماو فقہا اور دیگر علوم وفنون کے ماہر حضرات کی مختصر حالاتِ زندگی (۷) ذکر کی گئی کتب اور اسکے مصنف کا مکمل تعارُف (۸) **رَدُّ الْمُحْتَار** کی عبارات کا مع تخریج اضافہ، جس پر اعلیٰ حضرت کا حاشیہ ہے (۹) بیان کردہ دلائل اور جزئیات کی اصل ماخذ ومراجع سے تخریج (۱۰) فتاویٰ رضویہ میں جہاں فتاویٰ شامی کی عبارتوں پر اعلیٰ حضرت رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ نے حاشیہ لگایا اسے بھی **جَدُّ الْمُمْتَار** کا حصہ بنایا گیا ہے (۱۱) کتاب کے آخر میں آیاتِ قرآنیہ، احادیثِ مبارکہ اور فقہی عبارات وغیرہ کی مختلف انداز سے فہرستیں (۱۲) عمدہ کاغذ میں بہترین حُسنِ طباعت کا اہتمام مگر قیمت صرف 3 ہزار (7 جلدوں کا سیٹ)۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس طرح یہ کام پاک و ہند میں تحقیق وترتیب کے اعتبار سے اپنی مثال آپ ہے۔

ذمہ دارانِ دعوتِ اسلامی اس عظیم کتاب کا تعارف جید علماءِ اہلسنّت، بالخصوص جامعاتِ اہلسنّت میں تدریس کرنے والے علماء کو کروائیں اور ممکن ہو تو اُن کو تحفۃً پیش بھی کریں۔

## مجلس دار المدینہ

﴿107﴾ مجلس دارالمدینہ کے تحت تادمِ تحریر **پاکستان بھر میں 38 اسکولز** (Schools) قائم ہو چکے ہیں، بیرونِ ملک بھی آغاز کیا جا چکا ہے اور مزید کوششیں جاری ہیں۔

﴿108﴾ مجلس دارالمدینہ، اساتذہ کے لیے **6 ماہ کے کورس کی مدت** بڑھانے کے بارے میں مشورہ کر کے متعلقہ رُکنِ شوریٰ کو مطلع کرے۔ **ہدف: 26 دن۔**

## اجیر اسلامی بھائیوں کے مسائل اور ان کا حل

﴿109﴾ تمام مجالس اپنے اجیر اسلامی بھائیوں کی **پیشہ وارانہ صلاحیت** میں بہتری لانے کے اقدامات کریں۔

﴿110﴾ اراکینِ شوریٰ سید محمد ابراہیم عطاری، حاجی محمد شاہد عطاری (نگرانِ پاکستان انتظامی کابینہ) اور حاجی محمد عقیل عطاری المدنی مشورہ کریں اور جن اجیروں کو **مشاہرہ تاخیر** سے مل رہا ہے اس مسئلے کا حل کریں۔ **ہدف: 7 دن۔**

﴿111﴾ **ملک و بیرونِ ملک وقف مبلغین** کی خبر گیری کی ذِمہ داری رُکنِ شوریٰ **حاجی محمد فاروق جیلانی عطاری** کو دی گئی، یہ 92 دن میں تمام وقف مبلغین کے جدول (پیشگی و کارکردگی) کو چیک کریں گے، متعلقہ رکنِ شوریٰ، نگرانِ کابینہ/ کابینات سے مشورہ کر کے فیصلہ کے لیے رُکنِ شوریٰ حاجی محمد عقیل عطاری المدنی کو تفصیلات بھیجیں، عقیل مدنی، دارالافتاء اہلسنّت سے شرعی رہنمائی لے کر تربیت، تفہیم یا فراغت کا فیصلہ کریں گے۔

## مجلس مدنی کام برائے اسلامی بہنیں

﴿112﴾ اسلامی بہنیں عالمی مجلس مشاورت سے اس طرح مربوط رہیں، جس طرح **بچہ ماں سے مربوط** ہوتا ہے۔

﴿113﴾ اسلامی بہنیں مکتبۃ المدینہ کی ''**ہوم ڈلیوری سروس**'' سے فائدہ اٹھائیں۔ مجلس مکتبۃ المدینہ میں شعبہ ہوم ڈلیوری بنایا گیا، ملک و بیرونِ ملک کی اسلامی بہنیں مکتبۃ المدینہ کی اس ای میل آئی ڈی order.maktaba@dawateislami.net پر مجلس مکتبۃ المدینہ کو ایڈریس اور رابطہ نمبر کے ساتھ مکتبۃ المدینہ کی کتب ورسائل اور دیگر ضروری سامان وغیرہ کا آرڈر میل کریں یا اس نمبر 2526020-92311+ پر آرڈر لکھوا دیں جبکہ باب المدینہ کراچی میں میل کے علاوہ ان نمبرز (3364583-0321/ 2911463-0311) پر اسلامی بہن کو لکھوائیں، مجلس مکتبۃ المدینہ، ملک و بیرونِ ملک لکھوائے گئے ایڈریس پر مطلوبہ چیزیں پہنچائے گی۔ ان شآءاللہ عزوجل

**مدینہ**: باب المدینہ (کراچی) کے علاوہ دیگر شہروں میں مکتبۃ المدینہ کا سامان ابھی فی الحال **کابینہ سطح** تک صرف ایک ہی پتے پر مکتبۃ المدینہ سے بھیجا جائے گا، اس کے آرڈر کی رقم کم از کم -/12000 روپے ہے (سامان پہنچانے کے اخراجات الگ ہوں گے)۔ مجلس کے بتائے ہوئے طریقے پر آپ اخراجات کے ساتھ رقم آن لائن کروا دیں تو آپ کا سامان بھیج دیا جائے گا، یہ سامان مکتبۃ المدینہ کے ریٹ (ہول سیل) پر دیا جائے گا۔

## رقم آن لائن کرنے کا ایڈریس

(BANK 01) MCB Al Hilal Society(0037)

A/c Titel : Maktaba tul Madina

A/c No : 0496800001000686

Iban No : PK57 MUCB 0496 8000 0100 0686

(BANK 02) (Askari Islamic Bank DHA Branch)

A/c Titel : Maktaba tul Madina

A/c No : 91002000181801

Iban No : 0091002000181801

Branch code : 0910

**طریقہ کار:** 1. کابینہ سطح کی ذمہ دار اسلامی بہن اپنا آرڈر مع تفصیلات بذریعہ فون/ایس ایم ایس یا ای میل بھیجیں۔ 2. باب المدینہ سے ذمہ دار اسلامی بہن 26 گھنٹے کے اندر اندر بذریعہ فون اس آرڈر کی تفصیلات پر متعلقہ ذمہ دار اسلامی بہن سے رابطہ کریں گی اور تمام معاملات کو مکمل کروائیں گی۔ 3. متعلقہ ذمہ دار اسلامی بہن مزید 2 دن کے اندر اندر مطلوبہ رقم آن لائن کروا کر اطلاع دیں گی۔ 4. رقم کے آن لائن ہو جانے کے 2 دن میں مطلوبہ سامان باب المدینہ کراچی سے روانہ کر دیا جائے گا۔

(**توجہ فرمائیں:** مکتبے کا آرڈر وصول کرنے والی اسلامی بہن سے صرف اسلامی بہن ہی رابطہ کریں)

﴿114﴾ **شعبۂ تعلیم** (برائے اسلامی بہنیں) کے **مدنی** کام کو مضبوط کریں، جتنا کام مضبوط ہوگا، **دارالمدینہ** مضبوط ہوں گے۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ

﴿115﴾ عالمی مجلسِ مشاورت کی اسلامی بہنیں، مدرسۃ المدینہ، جامعۃ المدینہ، دارالمدینہ میں جائیں اور **کمزوریاں** دیکھیں تو متعلقہ ذمہ دار اسلامی بہنوں کی مدنی تربیت کریں۔

﴿116﴾ **بیرونِ ملک** جہاں جہاں ترکیب بن سکے، اسلامی بہنوں کے رہائشی "**12 روزہ مدنی تربیتی کورس**" شروع کروائے جائیں۔

﴿117﴾ **بیرونِ ملک** کی جو اسلامی بہنیں عالمی مجلسِ مشاورت کے رابطے میں ہیں اور مشاورت انھیں کوئی **ذمہ داری** دینا چاہتی ہے تو متعلقہ رکنِ شوریٰ کے ذریعے اس ملک کے نگرانِ کابینہ/نگرانِ کابینات/ مشاورت کے نگران سے OK کروا کر ذمہ داری دی جائے۔

﴿118﴾ دُنیا بھر کے اسلامی بھائی اور اسلامی بہنیں زیادہ سے زیادہ **مدنی عطیات** جمع کرنے کی ترکیب بنائیں۔

﴿119﴾ اراکینِ شوریٰ (جن کے تحت ملک و بیرونِ ملک کی کابینہ/ کابینات ہیں)15 دن میں کم از کم 1 دن **اسلامی بہنوں کے مدنی کام** پر غور کر کے اسے مزید بڑھانے کی کوشش کریں، اس بات کو پیشِ نظر رکھیں کہ کوئی کام غیر شرعی وغیر تنظیمی نہ ہونے پائے۔

﴿120﴾ اراکینِ شوریٰ جب بھی بیرونِ ملک جائیں تو رکنِ شوریٰ ابو ماجد حاجی **محمد شاہد عطاری المدنی کو پیشگی اطلاع** کر کے اسلامی بہنوں کے باپردہ تربیتی اجتماع میں بیان کریں، ''مجلس مدنی کام برائے اسلامی بہنیں'' کے ذِمہ دار، اسلامی بہنوں کو درپیش مسائل، پرچیوں کے ذریعے پیشگی جمع کر لیں اور رکنِ شوریٰ سے تنظیمی رہنمائی حاصل کریں، اس تربیتی اجتماع میں ہر سطح کی ذِمہ دار اسلامی بہن کی شرکت ہو تو مدینہ مدینہ۔

## مجلسِ آئمہ و امامت کورس کی نئی ترکیب

﴿121﴾ مجلس آئمہ مساجد اور مجلس امامت کورس کی ذِمہ داری رکنِ شوری حاجی حافظ ابو امجد محمد اسد رضا عطاری المدنی کے سپرد کی گئی، اب امامت کورس، مجلس جامعۃ المدینہ کے تحت ہوا کرے گا۔ اِن شآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

## ہفتہ وار اجتماع

﴿122﴾ تمام ذمہ داران، ہفتہ وار اجتماع کے بیانات، پاکستان انتظامی کابینہ مکتب سے دیئے گئے جدول کے مطابق ہی کریں۔

﴿123﴾ الحمدللہ عزوجل المدینۃ العلمیہ کی مدد سے ہر ہفتے، ہفتہ وار اجتماع کا مکمل بیان پیشگی میل کیا جاتا ہے۔

﴿124﴾ جو ہفتہ وار اجتماع تعداد کے لحاظ سے کمزور ہیں بالخصوص اُنہیں مضبوط کرنے کے لئے نگرانِ کابینہ یا رکنِ کابینہ یا چند اراکینِ کابینہ مل کر اجتماع گاہ کے اطراف میں جمعرات کو عصر کے بعد علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت کر کے لوگوں کو ہاتھوں ہاتھ مسجد میں لے کر آئیں، انتظامات میں جو کمزوری ہے اُس کو بہتر کریں، اپنی کابینہ کے اچھے مبلغین کے بیانات کروائیں۔ اِن شآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اجتماع مضبوط ہو جائے گا۔

﴿125﴾ اراکینِ کابینہ رات اعتکاف اور اشراق و چاشت تک قیام کی سعادت حاصل کریں۔ آپ کو دیکھ کر نئے نئے اسلامی بھائی بھی یہ سعادت حاصل کرنے لگیں گے۔ اِن شآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

## رنگ برنگے مدنی پھول

﴿126﴾ جو **نظروں** سے دور ہوتا ہے وہ **دل سے بھی دُور** ہو جاتا ہے۔

﴿127﴾ پاجامہ شلوار، کرتا، جُبّہ اور تہہ بند کا **ٹخنوں سے اُوپر** ہونا سُنّت ہے۔ (ماخوذ از عمدۃ القاری، ۱۵/

٤،تحت الحدیث:٥٧٨٣) تمام اسلامی بھائی اس کے عامل ہونے چاہئیں۔

﴿128﴾ یہ کہنا درست نہیں کہ اب **شرافت کا زمانہ** نہیں، کیونکہ شرافت کا زمانہ کبھی ختم نہیں ہوتا۔

﴿129﴾ ہمارا مزاج نیم گرم پانی کی طرح ہے، تھوڑی سی **خلافِ مزاج** بات ہوجائے تو اس میں اُبال آجاتا ہے، ہمیں اپنا مزاج بدلنا ہے اور متحمل مزاج ہونا چاہیے۔

**محسنِ کائنات، فخرِ موجودات** صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سب سے زیادہ بُردبار و **تَحَمُّل مِزاج** تھے اور بدلہ کی **قدرت** ہونے کے باوجود عَفْو و درگزر کو سب سے زیادہ پسند فرماتے تھے۔ (احیاء العلوم ج2،ص1306 مطبوعہ مکتبۃ المدینہ بابُ المدینہ کراچی)

﴿130﴾ **اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ، **مجھے اپنے ذِمہ داران پر اعتماد ہے۔** (نگرانِ شوریٰ)

﴿131﴾ کسی بھی درست کام میں **پہاڑ نہ بنو** کہ راستہ روکو بلکہ پانی بنو کہ وہ راستہ بناتا چلا جاتا ہے۔

﴿132﴾ **غور و فکر** کرنے کے بعد کوئی تنظیمی فیصلہ کیا جائے البتہ وہ فیصلہ درست تھا یا نہیں؟ نتیجہ آنے کے بعد ہی **معلوم** ہوتا ہے۔

﴿133﴾ اگر غلطی ہو جائے تو **فوراً ماننے میں** عزّت ہے۔

# مَدَنی التجاء

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ کئی برسوں سے دعوتِ اسلامی کی مرکزی مجلسِ **شوریٰ** کے **مدنی مشورے** وقتاً فوقتاً کئی کئی دِنوں تک دعوتِ اسلامی کے **عالمی مدنی مرکز** فیضانِ مدینہ، مَدِیْنَۃُ الْمُرشِد، **بابُ المدینہ** (کراچی) میں جاری رہتے ہیں، **باہمی مشاورت** سے جو طے ہوتا ہے، اِس کو مختصراً تحریر کرلیا جاتا اور ضرورتاً ترمیم و تخریج کے ساتھ **ذِمہ دارانِ دعوتِ اسلامی** کی طرف بھیجا جاتا ہے۔ **اِن مدنی پھولوں** سے بھرپور فائدہ اُٹھا کر نہ صرف اپنے مُلکوں، ڈویژنوں، شہروں اور شعبوں میں **نافذ** کریں بلکہ اپنے قیمتی مشوروں سے بھی نوازیں۔ **برائے کرم!** اِن مدنی پھولوں کو **7 دِن** کے اندر اندر متعلقہ **ذِمّہ داران** تک پہنچا کر تصدیق و توثیق (Confirmation) لیں اور اپنے **نگران کو بھی مطلع کریں۔**

**اللّٰہ** تعالیٰ ہم سب کو امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُم العالیہ کی غلامی اور دعوتِ اسلامی پر اِخلاص و عافیت کیساتھ اِستقامت نصیب فرمائے۔ **اٰمین بِجاہِ النَّبِیِّ الْاَمین** صلَّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم

## شوریٰ کے مدنی مشوروں کا جدول (تنظیمی سال ۱۴۳۵ھ، ۱۴۳۶) اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ

| نمبر شمار | تاریخ ہجری | تاریخ عیسوی | شرکاء |
|---|---|---|---|
| 1 | ۲۷،۲۶،۲۵ شوال ۱۴۳۵ھ | 24,23,22 اگست 2014ء | مرکزی مجلسِ شوریٰ |
| 2 | ۲۲،۲۱،۲۰ محرم ۱۴۳۶ھ | 16,15,14 نومبر 2014ء | مرکزی مجلسِ شوریٰ |
| 3 | ۱۷ تا ۲۰ ربیع الاوّل ۱۴۳۶ھ | 17 تا 20 جنوری 2015ء | **17 جنوری:** مرکزی مجلسِ شوریٰ<br>**18,19 جنوری:** نگرانِ کابینہ وکابینات اور شعبہ جات ذِمہ داران (پاکستان)<br>**20 جنوری:** مرکزی مجلسِ شوریٰ |

**میل کرنے کی تاریخ: ۱۳** شعبان المعظم ۱۴۳۵ھ، 12جون2014ء

**مجلس کارکردگی فارم و مدنی پھول (دعوتِ اسلامی)**